01529

جناب مفتی صاحب جامعہ دارالعلوم کراچی

گزارش یہ ہے کہ میں ایک کمپنی میں کام کررہاہوں اور میں کمپنی سے ملنے والے جی پی فنڈ کو "ای،ایف ،یولائف حمایہ تکافل" میں لگاناچاہتاہوں، کیونکہ حمایہ تکافل والوں نے بتایاکہ حمایہ تکافل میں سرمایہ کاری کرنااور نفع لیناجائزہےاور مولانا ابراہیم عیسیٰ صاحب جو کہ جامعہ دارالعلوم کراچی کے فاضل و متخصص ہیں، وہ اس کمپنی کی شرعی نگرانی کرتے ہیں۔

(1)۔۔۔کیامولانامفتی ابراہیم عیسیٰ صاحب واقعی جامعہ دارالعلوم کراچی کے فاضل و متخصص ہیں اور دارالافتاء میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں؟

(2)۔۔۔کیاجامعہ دارالعلوم کراچی کی نظر میں مولانا ابراہیم عیسیٰ صاحب مستند عالمِ دین ہیں؟

(3)۔۔۔کیا"ای،ایف،یولائف حمایہ تکافل" کی پالیسی لیناشرعاً جائزہے؟

دار الافتاء

مرزا عمران بیگ

محمود آباد معرفت ضیاءالرحمٰن

ڈبل روم کے ایریا کورنگی کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترمی ومکرمی جناب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اس بات کی تصدیق کی جاتی ہے کہ مولانا ابرہیم عیسیٰ صاحب جامعہ دارالعلوم کراچی کے فارغ التحصیل اور متخصص ہیں، بااستعداد عالم دین ہیں اور دارالافتاء دارالعلوم کراچی میں بحیثیت رفیقِ دارالافتاء اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

جہاں تک ''ای ایف یو حمایہ تکافل'' کا تعلق ہے تو اس سلسلہ میں عرض ہے کہ وہ اس کمپنی میں شرعی مشیر کے طور پر کام کررہے ہیں، اور یہ کام انہوں نے حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے مشورہ سے شروع کیا ہے، لہٰذا آپ ''ای ایف یو حمایہ تکافل'' کی پالیسی کے شرعی حکم کے متعلق ان سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔۔۔